## منصوبہ تحقیق:

مقالہ ہذا میں ناسخ و منسوخ کا تعارف، اہمیت اور اس پر لکھی جانے والی کتب کا تعارف اور مختصر اسلوب بیان کیا ہے اور بالخصوص قتادہ بن دعامہ اور قاسم بن سلام کی کتب کا منہج و اسلوب اور تقابلی جائزہ کے ساتھ ساتھ مابعد کتب پر اثرات و ماخذانہ حیثیت کو پیش کیا ہے اسی لیے ابواب و فصول بندی اسی انداز میں کی گئی ہے۔

باب اول کا عنوان: الناسخ والمنسوخ، ایک تعارف" اس میں تین فصول ہیں، فصل اول میں معنیٰ و مفہوم، اہمیت کو بیان کیا گیا ہے اور فصل دوم میں ائمہ مفسرین کی آراء جبکہ فصل سوم میں ناسخ و منسوخ پر لکھی گئی مصنفات کو بیان کیا گیا ہے۔

باب دوم کا عنوان: امام قتادہ بن دعامہ اور آپ کی کتاب کے جامع تعارف" جس میں تین فصلیں ہیں، فصل اول امام قتادہ بن دعامہ کے احوال و آثار اور فصل دوم میں کتاب الناسخ والمنسوخ کا منہج و اسلوب جب کہ فصل سوم میں مابعد کتب پر اس کے اثرات کو بیان کیا گیا ہے۔

باب سوم کا عنوان: ابوعبید قاسم بن سلام اور آپ کی کتاب کے تعارفی مطالعہ ہے یہ باب بھی تین فصول پر مشتمل ہے فصل اول میں قاسم بن سلام کی حیات و خدمات، فصل دوم میں میں ناسخ و منسوخ کا اسلوب نگارش جبکہ فصل سوم میں قتادہ بن دعامہ اور قاسم بن سلام کے مشترکات و ممیزات اور ان کی ماخذانہ حیثیت کو بیان ہے۔

اور مقالہ کے آخر میں خلاصہ بحث، نتائج، سفارشات، تجاویز و آراء اور مصادر و مراجع کا تذکرہ کیا ہے۔

## ذرائع و وسائل:

مقالہ کی تیاری میں سہولت کے پیش نظر درج ذیل مقامات کے علمی و ادبی ذخائر سے استفادہ کیا گیا۔

- پنجاب پبلک لائبریری لاہور
- قائد اعظم لائبریری لاہور
- منصورہ لائبریری لاہور
- منہاج القرآن لائبریری لاہور
- پوسٹ گریجویٹ لائبریری جی سی یونیورسٹی لاہور
- فضل حسین لائبریری جی سی یونیورسٹی لاہور
- مرکزی لائبریری جامعہ پنجاب لاہور
- لائبریری شعبہ اسلامیہ جامعہ پنجاب لاہور